Directorate of Education, GNCT Delhi-54

Mid Term Practice Question Paper

Session: 2026-27

Class-IX

Sub: Urdu- R1

Time: 3:00 Hrs M.M.80

## حصّہ (ا) عبارت فہمی اور شعر فہمی

سوال 1۔ درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5x1=5

دو مزدور ایک پہاڑ پر پتھر توڑ رہے تھے۔ ایک رہ گیر نے پہلے سے پوچھا، تم کیا کر رہے ہو؟ اس نے جل کر جواب دیا، دیکھتے نہیں ہو، اپنی قسمت کے لکھے پتھر پھوڑ رہا ہوں۔ ذرا اور آگے بڑھ کر اس نے دوسرے مزدور سے بھی یہی سوال کیا تو اس نے بہت فخر اور خوشی کو ساتھ جواب دیا، میں ایک گرجا گھر کی تعمیر کر رہا ہوں۔ دیکھا آپ نے؟ پتھر وہی تھے لیکن ایک مزدور ان سے اپنی قسمت پھوڑ رہا تھا اور دوسرا ایک عبادت گاہ بنانے کا خواب دیکھ رہا تھا۔ ہمارے ملک میں نہ صرف طلبا بلکہ سب لوگوں کو کام کرنے کے صحیح آداب سکھانے کی ضرورت ہے۔ کسی کام کو سرسری انداز میں کرنا گویا سر سے ایک ناگوار بوجھ اتارنا ہے، نہ اس میں خوشی تلاش کرنا، نہ پانا، نہ اس حسین تکمیل میں فخر محسوس کرنا، نہ اس کے ذریعے اپنی دنیا کو سمجھنا اور اپنے ہم جنسوں کے دکھ سکھ میں شریک ہونا۔

(i) مزدور پتھر کہاں توڑ رہے تھے ؟

a۔ مینار پر b۔ دریا کے کنارے

c۔ پہاڑ پر d۔ جنگل میں

(ii) 'رہ گیر' کے کیا معنی ہیں ؟

a۔ پڑوسی b۔ راستہ چلنے والا

c۔ اکیلا d۔ ہم سفر

(iii) 'سکھ' کا متضاد کیا ہوگا؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) پہلے مزدور نے رہ گیر کو کیا جواب دیا ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) ہمارے ملک میں سب لوگوں کو کیا سکھانے کی ضرورت ہے ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

سوال2۔ درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5x1=5

چمن میں بلبلیں ہر سمت چہچہاتی ہیں
فضائیں نغمہ دل کش ہمیں سناتی ہیں
ہوائیں آج ترانے خوشی کے گاتی ہیں
کھلے ہیں پھول بھی، کلیاں بھی مسکراتی ہیں
بہار آئی ہے دیکھو بہار آئی ہے

نشاط و عیش کا آیئنہ دار آ ہی گیا
وہ زندگی کے چمن پر نکھار آ ہی گیا
وہ جس کے آنے کا انتظار تھا آ ہی گیا
وہ جھوم جھوم کے ابر بہار آ ہی گیا
بہار آئی ہے دیکھو بہار آئی ہے

(i) فضائیں ہمیں کیا سناتی ہیں ؟

a۔ درد بھرے گیت b۔ دل کش نغمے
c۔ لوک گیت d۔اداس نغمے

(ii) بلبلیں ہر سمت کہاں چہچہا رہی ہیں ؟

a۔ میدان میں b۔ پہاڑوں میں
c۔ چمن میں d۔ ریگستانوں میں

(iii)' نشاط' کے معنی لکھیے۔؟ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) شاعر بار بار کس کے آنے کا ذکر کر رہا ہے ؟ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(V) کلیوں کے مسکرانے سے کیا مراد ہے ؟ایک جملے میں جواب لکھیے۔

سوال3۔ درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5x1=5

مالی خواندگی اس فہم و شعور کا نام ہے جس کے ذریعے انسان اپنے مالی وسائل کو عقل مندی سے استعمال کرتا ہے۔اپنے محفوظ مستقبل کے لیے اپنی آمدنی کے ایک حصے کی بچت کرتا ہے اور بہتر سرمایہ کاری سے اس رقم میں اضافہ کرتا رہتا ہے تاکہ دستیاب مالی وسائل اور سہولتوں سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل ہو سکے۔مالی معاملات کا شعور انسان کو نہ صرف انفرادی طور پر خود مختار بناتا ہے بلکہ اس کی اجتماعی فلاح و بہبود کو بھی یقینی بناتا ہے۔مالی خواندگی خوش حال اور پر اعتماد زندگی کی کنجی ہے جو ہر فرد کو اپنی قسمت سنوارنے کا حوصلہ اور اختیار عطا کرتی ہے۔

(i) مالی خواندگی کس چیز کا نام ہے ؟

(a) دولت جمع کرنے کا (b) مالی وسائل کو عقل مندی سے استعمال کرنے کا

(c) کاروبار کرنے کا (d) قرض لینے کا

(ii) مالی خواندگی کس زندگی کی کنجی ہے ؟

(a)آرام دہ زندگی (b)شاہانہ زندگی

(c)خوش حال اور پر اعتماد زندگی (d) مصروف زندگی

(iii) مالی خواندگی ہر فرد کو کیا سنوارنے کا حوصلہ اور اختیار عطا کرتا ہے ؟ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) مالی خواندگی صرف انفرادی فائدہ پہنچاتی ہے ؟ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) مالی خواندگی کے ذریعے انسان کیا محفوظ کرتا ہے ؟ایک جملے میں جواب لکھیے۔

سوال 4 درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5x1=5

رخصت ہوا وہ باپ سے، لے کر خدا کا نام — راہ وفا کی منزل اول ہوئی تمام

منظور تھا جو ماں کی زیارت کا انتظام — دامن سے اشک پوچھ کر، دل سے کیا کلام

اظہار بے کسی سے ستم ہو گا اور بھی

دیکھا ہمیں اداس تو غم ہو گا اور بھی

دل کو سنبھالتا ہوا آخر وہ نونہال — خاموش ماں کے پاس گیا صورت خیال

دیکھا تو ایک در میں بیٹھی وہ خستہ حال — سکتہ سا ہو گیا ہے، یہ ہے شدّت ملال

(i) درج بالا اشعار کس سبق سے لیے گئے ہیں ؟

(a) عورت (b)اعتماد

(c) رامائن کا ایک سین (d) آغاز داستاں

(ii)'دیکھا ہمیں اداس تو غم ہو گا اور بھی 'اس مصرع میں شاعر نے کس کے اداس ہونے کی بات کہی ہے ؟

(a)شری رام (b)شری رام کے بھائی

(c)باپ (d) ماں

(iii) لفظ 'نونہال' کے کیا معنی ہیں ؟ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) شاعر نے درج بالا اشعار میں باپ سے رخصت ہونے کے بعد کس سے زیارت کی بات کہی ہے ؟ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) آخری شعر میں شاعر نے ماں کا کیا حال بیان کیا ہے؟ایک جملے میں جواب لکھیے۔

## حصّہ (ب) تحریری مہارت

سوال5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 8

(i)مصنوعی ذہانت (ii) قومی یکجہتی (iii)تاریخی عمارتوں کی سیر

سوال6۔ کھیل کا سامان منگوانے کے لئے پرنسپل صاحب/صاحبہ کے نام درخواست لکھیے۔ 5

یا

اپنی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں بتاتے ہوئے والد کے نام خط لکھیے۔

سوال7۔ آپ ایک دکان بیچنا چاہتے ہیں۔اپنے علاقے کے لوکل اخبار میں ایک مناسب اشتہار لکھیے جو 50۔60 الفاظ پر مشتمل ہو۔ 4

یا

26 جنوری کی پریڈ کا آنکھوں دیکھا حال 80۔100 الفاظ میں لکھیے۔

سوال8۔ سبق 'اجنتا اور ایلورا' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیے۔ 4

یا

غالب کی حالات زندگی پر روشنی ڈالیے۔

سوال9۔ نظم 'اعتماد' کا مرکزی خیال لکھیے۔ 4

یا

نریش کمار شاد کی شاعری کی چند خصوصیات تحریر کیجیے۔

## حصّہ (ج) عملی قواعد

سوال10۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3+1+2=6

(i) 'اسم صوت' کی نشاندہی کیجیے۔

(a)عورت (b)دوپہر

(c) گھر (d) میاؤں میاؤں

(ii) ' تاج محل ایک تاریخی عمارت ہے'، میں 'تاج محل' کیا ہے؟

(a)اسم عام (b)خطاب

(c)اسم خاص (d) اسم ظرف

(iii)' حلوائی سے چار کلو مٹھائی لو'، میں صفت مقداری کی نشاندہی کیجیے؟

(a) حلوائی (b)چار کلو

(c) مٹھائی (d) سے

(iv)بات کرنے والا اپنے لیے جو ضمیر استعمال کرتا ہے اسے۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(v) ضمیر کی تعریف مع مثال لکھیے؟ یا

صفت کی تعریف مع مثال لکھیے۔

سوال 11۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 2+1+1=4

(i) ' میں اپنے مستقبل کے بارے میں سوچنا شروع کروں گا '، اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

(a) فعل معروف (b)فعل مستقبل

(c) فعل ماضی (d) فعل حال

(ii) ایسا فعل جس کا فاعل معلوم ہو، کیا کہلاتا ہے؟

(a) فعل مجہول (b)فعل حال

(c) فعل معروف (d) فعل مستقبل

(iii)' وہ کام جو گزرے وقت میں ہوا ہو، اسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(iv) فعل مجہول کی تعریف بیان کیجیے۔

سوال 12۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3+1+2=6

(i) نالہ، فریاد، آہ اور زاری آپ سے ہو سکا سو کر دیکھا

اس شعر میں کون سی صنعت کا استعمال کیا گیا ہے؟

(a)صنعت تلمیح (b)رعایت لفظی

(c) صنعت تضاد (d) تشبیہ

(ii) ابن مریم ہوا کرے کوئی　　　میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

اس شعر میں کون سی صنعت کا استعمال کیا گیا ہے؟

(a) تشبیہ　　　(b) رعایت لفظی

(c) صنعت تضاد　　　(d) صنعت تلمیح

(iii) کلام میں دو یا دو سے زیادہ الفاظ ایک دوسرے کی نسبت سے استعمال کیے جائیں اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) صنعت تضاد　　　(b) رعایت لفظی

(c) تشبیہ　　　(d) صنعت تلمیح

(iv) کلام میں ایسے الفاظ کا لانا جو ایک دوسرے کی ضد ہوں اسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(v) صنعت تشبیہ کی تعریف مع مثال لکھیے۔

یا

صنعت تلمیح کی تعریف مع مثال لکھیے۔

سوال 13۔ درج ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے صرف چار کو جملوں میں استعمال کیجیے۔　　　4x1=4

(i) سبز باغ دکھانا

(ii) آنکھیں پھیر لینا

(iii) جڑ کھودنا

(iv) دیر آئے درست آئے

(v) جیسی کرنی ویسی بھرنی

(vi) اونچی دکان پھیکا پکوان

حصّہ (د) ادب

سوال 14۔ درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب تحریر کیجیے۔　　　3x2=6

(i) خالہ نے کیوں کہا: تھانہ کچہری کر نہیں سکتی۔

(ii) خط میں پہلی جنگ آزادی کے بعد کی صورت حال کو کس طرح پیش کیا ہے؟

(iii) غار بنانے والوں کے ہاتھوں مین پتھر بھی موم ہو گیا۔ جملے کی وضاحت کیجیے۔

(iv) بینک میں کتنے قسم کے کھاتے کھلوائے جا سکتے ہیں اور ان کے درمیان کیا فرق ہے؟

(v) غالب کے خطوط کے مجموعوں کے نام لکھیے۔

سوال15۔ درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب تحریر کیجیے۔ 3x2=6

(i) توہی آیا نظر جدھر دیکھا' اس مصرع میں 'تو' کس کے لیے استعمال ہوا ہے؟

(ii) میرؔ نے اپنی سوانح حیات کس نام لکھی؟

(iii) ہجر کے ایام میں کس کو مونس قرار دیا گیا ہے؟

(iv) ' ملتے ہیں دست یاس وہ برگ خزاں کی طرح' کا مفہوم اپنی زبان میں لکھیے۔

(v) شاعر کی آنکھ کا چاند تاروں سے بات کرنے سے کیا مراد ہے؟

سوال16۔ درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ 3x1=3

(i) اردو کے دو افسانہ نگاروں کے نام لکھیے؟

(ii) غزل کے سب سے اچھے شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(iii) نظم معرا کسے کہتے ہیں؟